# 22033 ـ رافضی شیعہ کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرنے کا حکم

## سوال

ہم دو سنی اور ایك شیعہ ایك ہی جگہ پر ملازمت كرتے ہیں، میں نے سنا ہے كہ شیعہ مسلمان نہیں، ہم اكٹھے باجماعت نماز ادا كرنا چاہتے ہیں تو كیا ہم تینوں نماز جماعت ادا كر لیں یا كہ ہم دونوں ہی ادا كریں ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو یہ شخص ( شیعہ ) شیعہ والے عقائد ركھتا ہو یعنی صحابہ كرام كو كافر كہے، اور ابو بكر و عمر وغیرہ رضی اللہ تعالی عنہم سے بغض ركھے، اور اس اسی طرح باقی فاسد قسم كے شیعی عقائد ركھتا ہو تو اسے حق بتایا جائے اور اسے حق كی دعوت دی جائے، اگر تو وہ اپنے عقائد سے رجوع كر لے تو ٹھیك تو اس طرح وہ آپ كے ساتھ نماز ادا كرے گا.

لیكن اگر وہ حق بیان كرنے كے بعد بھی رجوع نہیں كرتا اور اپنے باطل عقائد پر رہتا ہے تو اس كے ساتھ نماز ادا نہیں كی جائیگی، بلكہ آپ دونوں علیحدہ نماز ادا كریں.

لیكن اگر وہ یہ عقیدہ ركھے كہ شیعہ ہے ( لیكن وہ كفریہ عقائد نہ ركھتا ہو ) بلكہ ابو بكر و عمر وغیرہ صحابہ كرام سے محبت ركھے اور ان كے لیے رضی اللہ تعالی عنہم كی دعا كرے تو پھر وہ شخص تمہارے ساتھ نماز ادا كر سكتا ہے، اور اس پر كفر كا حكم نہیں لگایا جائیگا.